## حق پرست عوام نواب عارف خیری اور سید کمال کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔یکم؍اگست 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ایلڈر رز ونگ لیاقت آباد سیکٹر کے رکن نواب عارف خیری اور ایم کیوایم قصبہ علیگڑھ سیکٹر کے بزرگ کارکن سید کمال کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام سے اپیل کی کہ وہ نواب عارف خیری اور سید کمال کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## ایم کیوایم کے کارکنان عبدالکریم قریشی اور شیر محمد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔یکم؍اگست 2008ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم شکار پور زون گوٹھ رستم یونٹ کے کارکن عبدالکریم قریشی اور پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی لانڈھی یوسی 2 کے کارکن شیر محمد کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔(آمین)

## الطاف حسین نے طالبانائزیشن کی سازش کو بے نقاب کردیا ہے، شاہد لطیف
## ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔یکم، اگست 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف نے کہا ہے کہ پاکستان انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے اور اگر سندھ کے دارالخلافہ کراچی میں طالبانائزیشن کو نہ روکا گیا اور مذہبی انتہاء پسندوں کے خلاف مؤثر کارروائی نہ کی گئی تو قومی سلامتی و بقاء کو شدید خطرات لاحق ہوسکتے ہیں۔یہ بات انہوں نے گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اجلاس میں ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے اراکین کے علاوہ مختلف اسپتالوں سے تعلق رکھنے والے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔شاہد لطیف نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ملک کی سرحدوں پر منڈلانے والے خطرات کو بھانپ لیا ہے اور وہ روایتی سیاست کے بجائے قوم کو حقائق سے آگاہ کرتے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ غریب و متوسط کی جماعت ہے جو شروع دن سے اپنے منشور پر عمل پیرا ہوکر غریب عوام کی بے لوث خدمت اور ان کے مسائل کے حل کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔شاہد لطیف ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے کارکنان پر زور دیا کہ وہ دکھی انسانیت کی خدمت کے عمل کے ساتھ ساتھ عوام کو طالبانائزیشن کی سازش سے بھی آگاہ کریں۔

## ایم کیوایم شکارپور کے کارکن عبدالکریم قریشی کرنٹ لگنے سے انتقال کرگئے
## مرحوم کی تدفین میں ایم کیوایم کے ذمہ داران اور کارکنان کی شرکت

کراچی۔۔۔یکم؍اگست 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ شکار پور زون رستم گوٹھ یونٹ کے جواں سال کارکن عبدالکریم قریشی کرنٹ لگنے کے باعث انتقال کرگئے،(انااللہ وانا الیہ راجعون) مرحوم کی عمر 29 سال تھی اور وہ اندرون سندھ میں ہونے والی بارشوں میں کرنٹ لگنے کے باعث انتقال کرگئے۔مرحوم کے سوگواران میں ایک بیوہ اور پانچ بچے شامل ہیں۔عبدالکریم قریشی کا شمار ایم کیوایم کے سرگرم کارکنان میں ہوتا تھا اور وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین سے والہانہ عقیدت محبت رکھتے تھے۔دریں اثناء عبدالکریم قریشی مرحوم کو آہوں اور سسکیوں کے درمیان گوٹھ رستم قبرستان شکار پور میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ مقامی مسجد میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم شکار پور زون کمیٹی کے ارکان، سیکٹروں اور یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## عبدالکریم، شیر محمد اور سید علی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔یکم؍اگست 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم شکار پور زون یونٹ گوٹھ رستم کے کارکن عبدالکریم قریشی، پی پی او سی لانڈھی کے کارکن شیر محمد اور ایم کیوایم لیبر ڈویژن کورنگی ٹاؤن یونٹ کے کارکن اکبر علی کے والد سید علی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام

سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبرجمیل عطا کرے۔ (آمین) دریں اثناء ایم کیوایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان نے بھی عبدالکریم قریشی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور سوگواران صبرجمیل کیلئے دعا کی۔

## رابطہ کمیٹی نے نظم وضبط کی خلاف ورزی پر لائنز ایریا کے کارکن اکرام الدین کو غیر معینہ مدت کیلئے معطل کردیا

## رنچھوڑ لائن سیکٹرز کے کارکنان محمد اصغر شیخ اور احمر علی صدیقی تین تین ماہ کیلئے معطل

کراچی۔۔۔یکم اگست 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر ایم کیوایم لائنز ایریا سیکٹر یونٹ 53 کے کارکن اکرام الدین عرف بھولے بادشاہ ولد علی محمد کو غیر معینہ مدت کیلئے تنظیم کی بنیادی رکنیت سے معطل کردیا ہے جبکہ رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر یونٹ 34 کے کارکنان محمد اصغر شیخ ولد محمد اکبر شیخ اور احمر علی صدیقی ولد خورشید علی صدیقی کو تین تین ماہ کیلئے تنظیم کی رکنیت سے معطل کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی ہے کہ تنظیمی نظم وضبط پر سختی سے عمل کرتے ہوئے مذکورہ تمام افراد سے دوران معطلی کسی بھی قسم کا ہرگز کوئی رابطہ نہ رکھیں۔

## قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ماموں زاد بہن ڈاکٹر ادیب سلطانہ مرحومہ کا چہلم اتوار کو ہوگا

کراچی۔۔۔یکم اگست 2008ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ماموں زاد بہن ڈاکٹر ادیب سلطانہ مرحومہ کا فاتحہ چہلم 3 اگست بروز اتوار کو مدینہ مسجد G-13 گلشن اقبال میں ہوگا جس میں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی فاتحہ خوانی کی جائے گی۔خواتین کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اہتمام مرحومہ کی رہائشگاہ واقع C-53 گلشن اقبال بلاک D-13 میں کیا جائیگا۔

## معروف کالم نگار نورین انصاری کی کتاب ''داستانِ شہدائے حق'' کی تقریب رونمائی

## 2 اگست کو حسرت موہانی ہال نارتھ ناظم آباد میں ہوگی

کراچی۔۔۔31، جولائی 2008ء۔۔۔معروف کالم نگار نورین انصاری کی کتاب ''داستان شہدائے حق'' شائع ہوچکی ہے۔کتاب کی تقریب رونمائی بروز ہفتہ مورخہ 2، اگست 2008ء کو شام پانچ بجے حسرت موہانی ہال نارتھ ناظم آباد میں منعقد ہوگی۔تقریب کی صدارت ممتاز شاعر ودانشور عاقل بریلوی فرمائیں گے جبکہ تقریب کی مہمان خصوصی قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہمشیرہ محترمہ سائرہ بیگم ہونگی۔تقریب میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، معروف شعراء اور ادباء اظہار خیال کریں گے۔

## اے پی ایم ایس او کی نومنتخب مرکزی کمیٹی کے ارکان نے حق پرست شہداء کی قبروں پر حاضری دی

کراچی۔۔۔یکم، اگست 2008ء۔۔۔آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے چیئرمین وحید الزماں، سینئر وائس چیئرمین ندیم احمد، وائس چیئرمین نعمان علی، وائس چیئر پرسن عالیہ خان، سیکریٹری جنرل حماد صدیقی، جوائنٹ سیکریٹری عمران، محترمہ آسیہ، ارشاد، سیکریٹری نشر واشاعت سید منہاج الابراہیم اور فنانس سیکریٹری دانش احمد نے یٰسین آباد کے شہداء قبرستان اور پاپوش نگر قبرستان جاکر قائد تحریک کے والد نذیر حسین، والدہ محترمہ خورشید بیگم، بڑے بھائی ناصر حسین اور بھتیجے عارف حسین سمیت تمام حق پرست شہداء کی قبروں پر حاضری دی اور قبروں پر پھولوں کی چادریں چڑھائی۔اس موقع پر انہوں نے نومنتخب مرکزی کمیٹی کے ارکان نے حق پرست شہداء سمیت تمام مرحومین کے بلند درجات اور مغفرت کیلئے دعائیں بھی کیں۔

☆☆☆☆☆